بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ

نمبر: 206اکیڈمک   مورخہ: 26-03-2012

پریس ریلیز 23/12

پنجاب بھر میں ایجوکیشن بورڈز کے زیراہتمام امتحان انٹرمیڈیٹ پارٹ ون، ٹو (سالانہ) 2012ء، 5 مئی 2012ء سے شروع ہورہا ہے۔ جس کیلئے پبلک اور پرائیویٹ سیکٹر سے بورڈز کیساتھ ملحقہ تعلیمی ادارہ کے طلباء وطالبات کے علاوہ پرائیویٹ امیدواران کی آن لائن رجسٹریشن اور داخلہ جات کا عمل جاری ہے۔ قبل ازیں پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرمن کی طرف سے انٹرمیڈیٹ پارٹ ون، ٹو کے داخلہ فارم سنگل فیس کیساتھ جمع کروانے کی آخری تاریخ 28-03-2012 مقرر کی گئی تھی۔

مہربشیر احمد، چیئرمین پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرمین نے بتایا کہ لاہور ہائیکورٹ کی ہدایات کی روشنی میں داخلہ فارم جمع کروانے کی تاریخ سنگل فیس کیساتھ 31-03-2012 کردی گئی ہے۔ ایسے امیدواران جو اپنے داخلہ فارم آن لائن کروانے میں دقت محسوس کریں وہ اپنے داخلہ فارم پنجاب بورڈز میں سابقہ طریقہ کار کے مطابق دستی یا بذریعہ ڈاک بھجوا سکتے ہیں۔ مزید برآں انہوں نے کہا کہ طالبعلم ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں جن کے مستقبل کی خاطر ان کے جائز مسائل کے حل کیلئے بورڈز اپنے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے اور اس ضمن میں کسی کوتاہی کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائیگا۔

(پروفیسر امان اللہ خان)
سیکرٹری
پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرمن
کیمپ آفس، گوجرانوالہ

کاپی برائے اطلاع:

1. جناب سیکشن آفیسر (بورڈز) ہائیر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، لاہور
2. پنجاب بورڈز آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن
3. ویب سائٹ بورڈ ہذا
4. پی آر او/ پرنٹ میڈیا/ الیکٹرانک میڈیا
5. داخلی تقسیم